Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | بدھ، 29 ستمبر 2025ء، 5 ربیع الثانی 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 179

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے جرمنی کی سفیر انا لیپل کی ملاقات

حالیہ سیلاب کے بعد جرمنی کی طرف سے اظہارِ یکجہتی پر شکریہ ادا کیا، جرمنی ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے، ویمن ایمپاورمنٹ، سماجی تحفظ اور انسانی ترقی میں پاکستان کا دیرینہ شراکت دار ہے

پاکستان اور جرمنی کے مابین نومبر میں ہونے والے G2G مذاکرات شراکت داری کو مزید تقویت دیں گے، وزیراعلیٰ پنجاب' مریم نواز شریف

اسلام آباد (این ایم پی) پاکستان فاؤنڈیشن پاکستان کی صدر اور انٹرفیوچر صدیقی انٹرنیشنل نیوز و لوجی اپڈیٹ اور ساتویں سرود کے اسراص کی کانفرنس میں شریک ہیں

لاہور (این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جرمنی کی سفیر انا لیپل نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جرمنی کی سفیر انا لیپل کا پرتپاک غیر مقدم کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے حالیہ سیلاب کے بعد جرمنی کی طرف سے اظہارِ یکجہتی پر شکریہ ادا کیا۔ جدید زرعی ٹیکنالوجی، گرین ٹیکنالوجی اور کھاد کی بچت کے تعاون کو سراہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہنر مند افرادی قوت (بقیہ نمبر 1)

ایف آئی اے اہلکار غیر قانونی امیگریشن میں ملوث نکلے

غیر قانونی امیگریشن میں ملوث میں اے آئی ایس آئی اور کانسٹیبل گرفتار

ملزمان کے موبائل فونز سے پیسوں کیوجہ سے لوگوں کو بیرون ملک بھجوانے کے ثبوت ملے

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد ایئرپورٹ پر تعینات ایف آئی اے اسٹاف کی جانب سے غیر قانونی امیگریشن کا انکشاف ہوا ہے، ملوث ایس آئی ارشد اور (بقیہ نمبر 2) میں اے آئی ایس آئی اور کانسٹیبل کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق اے

غیر ملکیوں کی سکیوٹی کیلئے قائم سپیشل پروٹیکشن یونٹ کی تشکیل نو کا فیصلہ

ریجنل دفاتر کا قیام، جدید ٹریننگ ماڈیولز، لائنسس سے ایس پی یو کی استعداد کار میں اضافہ کیا جائیگا

لاہور (این ایم پی) غیر ملکی وفد یا شخصیات، سیاحوں کی سکیورٹی کے پیش نظر سپیشل پروٹیکشن یونٹ کی تشکیل نو کا فیصلہ کر لیا گیا جس کے تحت ریجنل دفاتر کا قیام، جدید ٹریننگ ماڈیولز، لائنسس سے ایس پی یو کی استعداد کار میں اضافہ (بقیہ نمبر 8)

بجلی مہنگی کرنے کی درخواست پر سماعت آج ہوگی

سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی نے اگست کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں 19 پیسے فی یونٹ اضافے کی درخواست کی ہے

لاہور (این ایم پی) کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین کے لئے بجلی مہنگی کرنے کی درخواست پر سماعت آج (بدھ) کے روز ہوگی۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی نے اگست کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں بجلی 19 پیسے فی (بقیہ نمبر 7)

قومی اسمبلی کا اجلاس آج اور سینیٹ کا کل ہوگا

وفاقی حکومت کی جانب سے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان معاہدے پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائیگا

اسلام آباد (این ایم پی) قومی اسمبلی کا اجلاس (آج) اور سینیٹ کا اجلاس (کل) پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگا، وفاقی حکومت کی جانب سے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان معاہدے پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائیگا۔ (بقیہ نمبر 6)

پاک بحریہ کے جوان بن قاسم کمارد میں میگرو و جگر کاری مہم 2025ء کے سلسلے میں شجر کاری کر رہے ہیں

سیلاب زدہ علاقوں میں متاثرین کی بحالی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، ریلیف اور بحالی کی کارروائیاں تیز کی جائیں

ملکی معیشت درست سمت پر گامزن ہے، وزیراعظم

اور ویسز ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں جو پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں، ملکی معیشت درست سمت پر گامزن ہے اور اس کی بہتری میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کا اہم کردار ہے

ہم سب کی مشترکہ کاوشوں سے ملکی معیشت مستحکم ہوئی ہے اور یہ بہترین نہیم ورک کا نتیجہ ہے، عسکری معاشی اور سفارتی محاذ پر پاکستانی کو کامیابیاں ملیں، جنگ میں پاکستان نے دشمن کو شکست فاش دی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملکی معیشت مستحکم کاوشوں کی وجہ سے نہ صرف مستحکم ہوئی بلکہ اب درست سمت پر گامزن ہے۔ لندن میں ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار کے ہمراہ پاکستانی کمیونٹی سے خطاب میں شہباز شریف نے کہا کہ اوورسیز ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں جو پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت درست سمت پر گامزن ہے اور اس کی بہتری میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کا اہم کردار ہے۔ ہم سب کی مشترکہ کاوشوں سے ملکی معیشت مستحکم ہوئی ہے اور یہ بہترین نہیم ورک کا نتیجہ ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عسکری معاشی اور سفارتی محاذ پر پاکستانی کو کامیابیاں ملیں، جنگ میں پاکستان نے دشمن کو شکست فاش دی، یو این (بقیہ نمبر 2 8)

1 کروڑ 80 لاکھ مالیت کی 6 قیمتی چوری شدہ اور نمبر پلیٹ ڈکٹاڑیاں برآمد

اسلام آباد (این ایم پی) تھانہ کنگ پولیس نہم نے پیٹرولنگ دوران ناکہ بندی میں موٹر کار روکی ہوئے 01 کروڑ 80 لاکھ روپے مالیت کی 6 قیمتی چوری شدہ اور (بقیہ نمبر 1 0)

وزیراعلیٰ پنجاب آج فیصل آباد میں گرین ایکسٹرک بس کا افتتاح کریں گی

رانا ثناءاللہ، طلال چوہدری وزیراعلیٰ کے ہمراہ بس میں سوار کر ہو کر بوزیلا گراؤنڈ پہنچیں گے

فیصل آباد (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف (آج) پیر کو فیصل آباد میں گرین ایکسٹرک بس کا افتتاح کریں گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب آمد کے بعد ڈری یونیورسٹی سے گرین بس میں بیٹھ کر بوزیلا گراؤنڈ پہنچیں گی جبکہ (بقیہ نمبر 9)

معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی اور جمہوری حق ہے

سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ معلومات کے پھیلاؤ سے گریز کیا جائے، باخبر معاشرہ ہی شفافیت، ترقی اور انصاف کی بنیاد رکھتا ہے

معلومات کا آزادانہ بہاؤ شفافیت، جوابدہی اور اچھی حکمرانی کو فروغ دیتا ہے، صدر مملکت آصف علی زرداری کا پیغام

اسلام آباد (اے پی پی): صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی اور جمہوری حق ہے، معلومات کا آزادانہ بہاؤ شفافیت، جوابدہی اور اچھی حکمرانی کو فروغ دیتا ہے۔ اتوار کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی دن برائے معلومات تک رسائی کے موقع پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 4)

طلاعات و آگاہی روشن معاشرے کی بنیاد اور جمہوریت کی سانس ہے

معلومات تک رسائی شفاف طرز حکمرانی، عوامی اعتماد اور بہتر فیصلہ سازی کے لیے ناگزیر ہے، مریم نواز شریف

پنجاب حکومت نے اطلاعات کے نظام کو ڈیجیٹل بنا کر ہر شہری تک حقائق کی بلاتعطل رسائی یقینی بنائی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے معلومات کی رسائی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اطلاعات آگاہی روشن معاشرے کی بنیاد اور جمہوریت کی سانس ہے۔ معلومات تک رسائی شفاف طرز حکمرانی، عوامی اعتماد اور بہتر فیصلہ سازی کے لیے ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ درست اور بروقت معلومات عوام کو بااختیار، حکومت پر اعتماد اور فیصلہ سازی (بقیہ نمبر 3)

بیجنگ، وفاقی وزیر مصنوعہ بندی احسن اقبال بیجنگ میں پاکستانی سفوٹنس سے ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی، 2 ملزمان گرفتار، 30 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این ایم پی) راولپنڈی پولیس نے 2 ملزمان کو حراست میں لے کر 30 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ایک ملزم کو حراست میں لے کر 20 لیٹر شراب برآمد کی، وارث خان پولیس نے ایک ملزم کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے (بقیہ نمبر 1 1)

دکانوں کے باہر سامان رکھنے پر مکمل پابندی عائد

شہر سے باہر سامان رکھنے والے دکانداروں کے خلاف اینٹی انکروچمنٹ مہم کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

اتھارٹی نے تمام دکانداروں کو وارننگ جاری کی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری خود لیں کیونکہ بعد میں کسی قسم کی شنوائی نہیں ہوگی

راولپنڈی (این ایم پی) پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا فورس) نے صوبے بھر کے دکانداروں کو خبردار کیا ہے کہ 28 ستمبر سے دکان کے باہر کسی بھی قسم کا ٹیبل عمل طور پر ممنوع ہوگا۔ چیمبلی نشتر پریس کلب لاہور کی رپورٹ کے مطابق دکان کے شٹر سے باہر سامان رکھنے والے دکانداروں کے خلاف اینٹی انکروچمنٹ مہم کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، خلاف ورزی کی صورت میں دکانیں سیل کر دی جائیں گی اور بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس معاملے میں کوئی سیاسی سفارش یا دباؤ (بقیہ نمبر 7)

وہاڑی میں کار مسافر کوچ سے جا ٹکرائی، 6 افراد جاں بحق

حادثے کے نتیجے میں کار مکمل تباہ، ریسکیو کے عملے نے کار کی باڈی کاٹ کر لاشیں نکالیں

وہاڑی (سی ایم پی) وہاڑی میں تیز رفتار کار مسافر کوچ سے جا ٹکرائی، حادثے میں کار سوار 6 افراد جاں بحق اور بس ڈرائیور سمیت متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو کے (بقیہ نمبر 2 3)

پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی صدر سابق وزیراعظم نواز شریف، صدر شاہد خاقان عباسی نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی ممتاز حسین اور صدر مسلم لیگ کراچی ذوبین جوئیجو سے ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن میں 18 ڈپٹی ڈائریکٹرز سمیت 100 سے زائد آسامیوں پر بھرتی کا فیصلہ

لاہور (سی ایم پی) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے 18 ڈپٹی ڈائریکٹرز سمیت 100 سے زائد آسامیوں پر بھرتی کا فیصلہ کر لیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹرز کی ماہانہ تنخواہ 196,250 روپے مقرر کی گئی ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کی 26 نشستیں ہیں جن کی تنخواہ (بقیہ نمبر 1 8)

معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی اور آئینی حق ہے، یوسف رضا گیلانی

جعلی خبروں کے ذریعے سچ کو گمراہ نہیں کرنا چاہیے، چیئرمین سینٹ کا پیغام

اسلام آباد (سی ایم این ای) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی اور آئینی حق ہے، جعلی خبروں کے ذریعے سچ (بقیہ نمبر 2 4)

گاڑی میں سوار ملزمان کی ٹریفک آفیسر کو دوران ڈیوٹی ٹکر، 4 گرفتار

اسلام آباد (این ایم این) گاڑی میں سوار ملزمان کی ٹریفک آفیسر کو دوران ڈیوٹی ٹکر، چیف ٹریفک آفیسر کا فوری نوٹس، 4 ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت کے تھانہ کوہسار کی حدود میں گاڑی میں سوار ملزمان نے دوران ڈیوٹی (بقیہ نمبر 1 3)

راولپنڈی، 3 ملزمان گرفتار، 4 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (این ایم پی) چوہڑ ماڑ ڈویژن پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے 4 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، 3 مسروقہ موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 1 4)

باخبر معاشروں کے امن انصاف اور پائیدار ترقی کی جانب بڑھ سکتی ہیں

ذریعے ہی قومیں

پاکستان نے قانون سازی اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے شہریوں کے معلومات کے حق کی ضمانت کے لیے ٹھوس اقدامات کئے ہیں

ہم سب کے فائدے کے لیے معلومات تک سائبی رسائی کی حفاظت اور اس کے فروغ کے لیے کام کریں گے، وزیراعظم

اسلام آباد (سی ایم این) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ باخبر معاشروں کے ذریعے ہی قومیں امن، انصاف، اور پائیدار ترقی کی جانب بڑھ سکتی ہیں، پاکستان نے قانون سازی اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے شہریوں کے معلومات کے حق کی ضمانت کے لیے ٹھوس اقدامات کئے ہیں۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق معلومات تک رسائی (بقیہ نمبر 2 5)

سیلاب متاثرہ علاقوں میں حفاظتی بندوں کی تعمیر و مرمت مکمل

سیلاب سے متاثرہ 1960 فٹ طویل نواحہ بھٹہ بند حفاظتی بند کی تعمیر مکمل

حافظ والا میں 23 ہزار فٹ ڈسٹری بیوٹری ٹریک کی تعمیر و مرمت مکمل کر لی گئی

لاہور (این ایم این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سیلاب متاثرہ علاقوں میں حفاظتی بندوں کی تعمیر و مرمت، ریکارڈ مدت میں مکمل کر لی گئی۔ (بقیہ نمبر 1 9)

چین کا سیلاب متاثرین کیلئے 10 کروڑ یوآن اضافی امداد کا اعلان

سیلاب متاثرین کیلئے چین کی امدادی سرگرمیاں جاری، مزید سامان روانہ

اسلام آباد (این ایم این) چین نے پاکستان میں جاری تباہ کن مون سون سیلاب کے تناظر میں اپنے انسانی بھائی کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کے متاثرین (بقیہ نمبر 2 0)

فیصل ایوب کھوکھر مرید کے میں ملٹی پرپز اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کر رہے ہیں، ایم این اے چشتی لنوار اور ایم پی اے حسان ریاض بھی ہمراہ ہیں

فوڈ اتھارٹی کی مبتبری اطلاع پر کارروائی، 6 ہزار لیٹر جعلی دودھ تلف

سوہان میں بڑا جعلی دودھ کا یونٹ سیل کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا

اسلام آباد (ریویو لیگل سے) اسلام آباد فوڈ اتھارٹی نے مبتبری اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 6 ہزار لیٹر جعلی دودھ تلف کر لیا، سوہان میں بڑا جعلی دودھ کا یونٹ سیل کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق فوڈ اتھارٹی کی جانب سے موقع پر 6 ہزار لیٹر جعلی دودھ تلف کر دیا گیا، ہم نے موقع میں بڑا جعلی دودھ کا یونٹ سیل کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق فوڈ اتھارٹی کی تلف کر دیا۔ (بقیہ نمبر 2 6)

غیر قانونی سگریٹ کی فروخت سے قومی خزانے کو اربوں کا نقصان

اسلام آباد (این ایم این) ملک بھر میں غیر قانونی اور اسمگل شدہ سگریٹ کی فروخت میں تیزی سے اضافہ قومی معیشت کے لیے سنگین خطرہ بن گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ کاروبار نہ صرف قومی خزانے کو اسالہ اربوں روپے کا نقصان پہنچا رہا ہے بلکہ صحت عامہ اور (بقیہ نمبر 2 7)

چوآسیدن شاہ وائلڈ لائف کا بے قابو کھیل، محکمہ خاموش تماشائی

غیر قانونی شکار اور خرید و فروخت عروج پر، حکام کی بے حسی سوالیہ نشان، فرض شناس آفیسر کی فوری تعیناتی ضروری

چوآسیدن شاہ میں سرگرم غیر قانونی شکاریوں کے خلاف سخت کارروائی کریں، عوامی سماجی حلقوں کا مطالبہ

سول ڈیفنس کے ہوسپیوزل سکواڈ کا ایکسا نارڈ ٹریک سے برآمد ہونے والے ایٹمی ٹینک ماین دکھا رہا ہے

چکوال (خاور شہزاد سے) تحصیل چوآسیدن شاہ میں جنگلی حیات کے تحفظ کے دعوے کاغذی نکلے۔ غیر قانونی شکار اور خرید و فروخت کا دھندہ کھلے عام جاری ہے جبکہ محکمہ وائلڈ لائف رینجرز کا کردار کسی سوالیہ نشان بن گئی ہے۔ مستند ذرائع کا کہنا ہے کہ اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر چکوال کی جانب سے چند نمائشی کارروائیوں کے بعد مکمل خاموشی اختیار کر لی گئی، جس کے باعث غیر قانونی شکاریوں کو مزید شہ ملی اور یہ دھندہ دن بدن پھیلتا جا رہا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے اس صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مکمل طور پر بیٹلڈوں شکاری غیر قانونی سرگرمیوں میں (بقیہ نمبر 5)

موٹر سائیکل سواروں کی حفاظت کیلئے مہم کا آغاز

ون ویلنگ، لین وائلیشن، بغیر سائلنسر موٹر سائیکل سے گریز کریں، یکم اکتوبر کے بعد ایسی خلاف ورزیوں پر سخت کریک ڈاؤن ہوگا

موٹر سائیکل سوار یکم اکتوبر تک ہیلمٹ اور ایکسا سائز کی نمبر پلیٹس کا استعمال کریں، چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں

راولپنڈی (فیصل ندیم سے) راولپنڈی ضلع بھر میں خواتین کو سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی ویکسینیشن مہم 77.77 فیصد مکمل کر لی گئی، دن نام ویکسینیشن (بقیہ نمبر 1 5)

راولپنڈی میں خواتین کو سروائیکل کینسر ویکسینیشن مہم 77 فیصد مکمل

27 ستمبر کو مکمل ہونے والی مہم میں 88188 لڑکیوں کو ویکسینیشن نہ مل سکی

ضلعی محکمہ صحت کے مطابق ایچ پی وی ویکسینیشن 9 سے 14 سال عمر کی لڑکیوں کو دی جا رہی ہے۔ ضلعی محکمہ صحت کے مطابق ایچ پی وی ویکسینیشن مہم 77.77 فیصد مکمل کر لی گئی، دن نام ویکسینیشن (بقیہ نمبر 1 5)

وزیراعلیٰ پنجاب آج فیصل آباد میلکیٹر بسوں کا افتتاح کریں گی

مریم نواز بوزیلا والی گراؤنڈ میں عوامی اجتماع سے خطاب بھی کریں گی، ضلعی انتظامیہ نے انتظامات کو حتمی شکل دیدی

30 بسیں فیصل آباد پہنچ چکی، بسیں 7 روٹس پر چلیں گی غلام محمد آباد، سرگودھا روڈ اور گٹ والا روڈ پر ڈپو بنائیں جائیں گے

فیصل آباد (این ایم این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف آج 29 ستمبر کو فیصل آباد میں گی یہاں پر وہ الیکٹرک بسوں کا افتتاح کریں گی اور بوزیلا والی گراؤنڈ میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب بھی کریں گی۔ ضلعی انتظامیہ نے انتظامات کو حتمی شکل دیدی، ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ کی تاریخی دورہ فیصل آباد کے سلسلے میں گذشتہ روز ڈپو کنسٹر آشس میں (بقیہ نمبر 1 2)

وزیر کیمل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر مرید کے میں ملٹی پرپز اسپورٹس کمپلیکس کے افتتاح کے موقع پر عوام سے خطاب کر رہے ہیں

ہمارے جیالوں نے اپنا لہو دے کر ملک کی جمہوری بقا کی قیمت ادا کی

ان کی قربانی جبر کے خلاف جدوجہد کی تاریخ کا ایک اہم باب ہے، بلاول بھٹو زرداری

کراچی اسلام آباد لاہور (این ایم این) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ضلع شہید بے نظیر آباد کے گاؤں جھل چانڈیو کے 16 بہادر جیالوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے، جنہیں جنرل ضیاء کے دور آمریت میں 29 (بقیہ نمبر 2 1)

اتحاد، محنت اور مثبت سوچ ہی کامیابی کی ضمانت ہیں

گورنمنٹ گوجرانوالہ کی پنجاب یونیورسٹی گوجرانوالہ کیمپس کے طلباء سے ملاقات

گوجرانوالہ (این ایم این) گورنمنٹ گوجرانوالہ لیفٹیننٹ جنرل سید امداد حسین شاہ نے کہا ہے کہ اتحاد، محنت اور مثبت سوچ ہی کامیابی کی ضمانت ہیں۔ میڈیا رپورٹ (بقیہ نمبر 2 2)

لاہور: سیکرٹری پرائس کنٹرول ڈاکٹر کرن خورشید کے یونائیٹڈ ایشیا فیشن کے لاؤنج کا دورہ کر رہا ہے

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے لاگ ترجمان
ABC
وحدت، محنت، جدوجہد
ایڈیٹر: ایڈووکیٹ عوامی لیگ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

افغانستان سے دہشت گردوں کے خاتمے کا مطالبہ

روس، چین، پاکستان اور ایران نے افغان حکومت سے دہشت گرد گروہوں کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے۔ ان ممالک کے وزرائے خارجہ نے افغانستان کے حوالے سے اپنی چوتھی چار فریقی میٹنگ نیویارک میں روسی فیڈریشن کی دعوت پر منعقد کی۔ ایک مشترکہ بیان میں چاروں ممالک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ افغانستان کو ایک آزاد، متحد اور مستحکم ملک کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں جو دہشت گردی، جنگ اور منشیات سے پاک ہو۔ بیان میں افغانستان سے پیدا ہونے والے دہشت گردی کے خطرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا اور داعش، القاعدہ، مشرقی ترکستان اسلامک موومنٹ، کالعدم تحریک طالبان پاکستان، کالعدم جیش العدل اور کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی جیسی تنظیموں کو خطے اور دنیا کی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ قرار دیا گیا۔ وزرائے خارجہ نے افغان حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ تمام دہشت گرد گروہوں کے خاتمے، بھرتی اور مالی معاونت کو روکنے اور تربیتی مراکز کو ناکارہ بنانے کرنے کے لیے قابل تصدیق اقدامات کریں۔ پاکستان، چین، روس اور ایران افغان حکومت سے دہشت گردوں کے تدارک کا مسلسل مطالبہ کر رہے ہیں۔ پاکستان کی جانب سے بارہا یہ معاملہ اٹھایا گیا اور سلجھانے کی کوشش کی گئی لیکن طالبان حکومت تعاون پر تیار نظر نہیں آتی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان کے پیچھے بھارت کی حمایت موجود ہے۔ آج کی طالبان حکومت اور وہاں پر پاکستان سے بھاگ کر جانے والے ٹی ٹی پی کے خوارج بھارت کی پراکسی بنے ہوئے ہیں۔ پاکستان نے بارہا افغانستان کو خبردار کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر حملے بھی کیے، لیکن اس کا طالبان انتظامیہ پر کوئی اثر نہیں ہوا۔ اب پاکستان نے یہ معاملہ دیگر ممالک کے سامنے رکھا ہے اور انہیں چاہیے کہ وہ افغانستان کو راہِ راست پر آنے کی ترغیب دیں۔ اگر اس پر توجہ نہ دی گئی تو پابندیوں کا راستہ اختیار کیا جانا چاہیے۔ نہ صرف یہ ممالک بلکہ عالمی برادری کو بھی پابندیاں لگانی چاہئیں۔ اگر یہ گروہ پھر بھی باز نہ آیا تو بالآخر پاکستان کے پاس اپنے دفاع کا حق استعمال کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں رہے گا جو اپنے ملک میں امن قائم کرنے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتا ہے۔ تاہم اس صورت حال سے خطے کا امن، جو پہلے ہی خدوش ہے، مزید بگڑ سکتا ہے اور عالمی امن کو بھی شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ اس صورتحال سے بچنے کے لیے عالمی برادری، بالخصوص اقوام متحدہ کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

آزاد کشمیر میں عوامی ایکشن کمیٹی کا معاملہ

(تحریر: عبدالباسط علوی)

آزاد کشمیر عوامی ایکشن کمیٹی سول سوسائٹی کے ایک وسیع اتحاد کے طور پر سامنے آئی جس میں تاجر، ڈاکٹرز، وکلاء، طلباء اور اساتذہ شامل تھے جو بھوکا، بجلی، آٹے اور گندم جیسی ضروری اشیاء کی قیمتوں میں کمی اور ان کے نزدیک نظامی بدعنوانی اور اشرافیہ کی مراعات کے خلاف احتجاج کے لیے جمع ہوئے۔ ان کے احتجاج میں بڑا ایشو، مشترداؤن اور آزاد کشمیر اور وفاقی حکومتوں کے ساتھ مذاکرات شامل تھے۔ مئی 2024 میں ایک بڑی پیش رفت ہوئی جب آزاد کشمیر حکومت نے عوامی ایکشن کمیٹی کے مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے 23 ارب روپے کے پیکیج کے ذریعے سبسڈی دینے اور اشرافیہ کی مراعات میں کمی کی پیشکش کی۔ تاہم کمیٹی کے بقول ان دعووں پر عمل درآمد سست یا نامکمل ہونے کی وجہ سے عدم اطمینان پیدا ہوا۔

2025 میں عوامی ایکشن کمیٹی نے اپنی تحریک کو تیز کرتے ہوئے 38 مطالبات جاری کیے اور ان کے پورے نہ ہونے پر 29 ستمبر سے مکمل شٹر ڈاؤن کا اعلان کیا۔ ان وسیع شدہ مطالبات میں نہ صرف معاشی شکایات بلکہ سیاسی اصلاحات بھی شامل تھیں، جن میں سب سے زیادہ تنازعہ مطالبہ حقوقِ جموں و کشمیر سے ہجرت کر کے آنے اور پاکستان میں مقیم ہونے والے کشمیریوں کے لیے آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں 12 مخصوص نشستوں کا خاتمہ تھا۔ عوامی ایکشن کمیٹی کا موقف ہے کہ یہ نشستیں مجموعی نمائندگی کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ تاہم، یہ نشستیں علاقائی اور آئینی وزن رکھتی ہیں۔ آزاد کشمیر کے 1974 کے عبوری ایکٹ میں شامل یہ نشستیں ریاست جموں و کشمیر کے اصل مہاجرین کی نمائندگی کے لیے مختص کی گئی ہیں، جو پاکستان کے اس موقف کو تقویت دیتی ہیں کہ یہ خطہ ایک متنازعہ علاقہ ہے اور آزاد کشمیر پاکستان کا صوبہ نہیں ہے۔ ان نشستوں کو ختم کرنے سے کشمیر پر پاکستان کی بین الاقوامی پوزیشن کمزور ہو سکتی ہے، اس کی قانونی دلیل کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور یہ گھر کیٹھوکیو الگ تھلگ کیا جا سکتا ہے جن کے اپنے آبائی وطن سے مضبوط سیاسی، جذباتی اور معاشی تعلقات ہیں۔

عالمی سطح پر مہاجرین کی قانون سازادارہ میں نمائندگی موجود ہے۔ فلسطینی قومی کونسل میں نارکین وطن فلسطینی شامل ہیں؛ تبتی جلاوطن حکومت تبتی مہاجرین کو نمائندگی دیتی ہے اور یونیسا اور عالمی آرمینیائی تنظیم کو بھی کیٹیگرز کے لیے علاقائی اور عملی سیاسی نمائندگی کو یقینی بنانے کے وسیع تر رجحان کو واضح کرتی ہیں اور آزاد کشمیر کی مہاجرین کی نشستیں اس پیٹرن فٹ بیٹھتی ہیں۔

عوامی ایکشن کمیٹی کا ایک اور حساس مطالبہ آزاد کشمیر کے سیاست دانوں اور سرکاری افسران کی مراعات اور سہولیات کو ختم کرنا ہے۔ اگر چہ عوامی ایکشن کمیٹی وسیع معاشی مشکلات کے دوران اشرافیہ کے لیے پُرتعیش طرز زندگی کے اخلاقی مسئلے کو اجاگر کرتی ہے لیکن باہر ین مکمل سیکورٹی اور آپریشنل سہولیات کو خاتمے کی صورت میں متعدد نقصانات کا اظہار کرتے ہیں۔ لائن آف کنٹرول کے قریب آزاد کشمیر کا جغرافیائی۔ اسٹریٹجک مقام اس کے رہنماؤں کو باقی رسک ہدف بناتا ہے اور اس علاقے میں بھارتی انٹیلی جنس آپریشنز طویل عرصے سے خطرات پیش کر رہے ہیں۔ تحفظ اور ضروری وسائل کو بنانے سے رہنماؤں کو مطلوبہ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، پاکستان کی تصویر کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور سکیورٹی خدشات سے نمٹنے کے بجائے ایک معقول اور ضروریات پر مبنی نظام متعارف کرایا جانا چاہیے جو شہری آزادی کے لیے ضروری بنیادی ڈھانچے کو برقرار رکھنے سے جوابدہی یقینی بنائے۔

اگرچہ پرامن احتجاج ایک بنیادی حق ہے، لیکن اسے ریاست پر دباؤ ڈالنے کے لیے بنیادی ذریعہ کے طور پر استعمال کرنا ادارہ جاتی کمزوری کو کمزور کرنے کا خطرہ پیدا کرتا ہے۔ آزاد کشمیر پہلے ہی سبسڈی والے آٹے اور بجلی جیسی مراعات سے لطف اندوز ہوتا ہے اور ایسے پاکستان کے صوبوں کے مقابلے میں زیادہ وفاقی فنڈنگ حاصل ہے۔ پاکستان کو شدید معاشی چیلنجوں کا سامنا ہے، جن میں قرض، میکانی اور محدود مالیاتی وسائل شامل ہیں اور ایسے میں ہر خطے سے ہر مطالبے کو پورا کرنا مشکل ہے۔ اگر ہر صوبہ یا خطہ اپنے مقامی وسائل پر خصوصی حقوق کا دعویٰ کرنا شروع کر دے، جیسے کہ آزاد کشمیر ہائیڈرو الیکٹریسٹی سے ساتھ کرتا ہے، تو دوسرے بھی قدرتی وسائل کی پیداوار کی بنیاد پر اسی طرح کے حقوق کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ یہ امر ایک متحد فیڈریشن کے تصور کو ختم کر سکتا ہے، اندرونی تقسیم کو جنم دے سکتا ہے، قومی اتحاد کو غیر مستحکم کر سکتا ہے اور پڑوسیوں سے اور ہائبرڈ جنگ کے ذریعے بیرونی استحصال کو دعوت دے سکتا ہے۔

ایک تاثر یہ بھی ہے کہ عوامی ایکشن کمیٹی حقیقی عوامی مفادات کی نمائندگی نہیں کرتی۔ یہ خدشات سامنے آئے ہیں کہ اس کے مقاصد میں ذاتی مفاد، سیاسی پوائنٹ اسکورنگ اور یہاں تک کہ عکسی طور پر بھارت جیسی دشمن قوتوں سے گٹھ جوڑ شامل ہو سکتا ہے۔ غیر ملکی رابطوں کے الزامات، ایک شدہ ساکز زاد آڈیو ریکارڈنگز عوامی ایکشن کمیٹی کے بعض اراکین اور بھارتی انٹیلی جنس کے درمیان تعلقات کی نشستیں اس پیٹرن میں فٹ بیٹھتی ہیں۔

عوامی ایکشن کمیٹی کا ایک اور مسئلہ اس کی مقامی نوعیت ہے۔ یہ بنیادی طور پر مظفر آباد، میرپور اور کوٹلی جیسے شہری مراکز کی نمائندگی کرتی ہے، جبکہ دیہی علاقے اور کشمیر کے دیگر اضلاع کی نمائندگی کم ہے۔ یہ عدم توازن اس تاثر کو جنم دیتا ہے کہ تحریک کا فائدہ شہری مراکز کو پہنچے گا جبکہ دیہی علاقے نظر انداز رہیں گے، جو پہلے ہی وسائل کی کمی کا شکار ہیں۔ اس سے علاقائی تقسیم کو ہوا دینے کا خطرہ ہے، جو اتحاد کو کمزور کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ مقامی سطح پر مراعات کے لیے مقابلہ اور اقربا پروری کے الزامات کا خطرہ بھی موجود ہے، جو تحریک کی اخلاقی ساکھ کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔

آزاد کشمیر کے عوام کی اکثریت پاکستان کے ساتھ الحاق کی حامی ہے اور ریاست کے پاکستان کے ساتھ تاریخی، ثقافتی اور معاشی تعلقات ہیں۔ عوامی ایکشن کمیٹی کو اس حمایت کو مضبوط کرنا چاہیے اور اسے مثبت، تعمیری اور آئینی راستے پر گامزن رہنا چاہیے۔ اس کے مطالبات کو پالیسی سازوں کو سنا جانا چاہیے اور ان پر غور کیا جانا چاہیے، لیکن یہ تحریک کو ریاست کے خلاف ایک محاذ میں تبدیل نہیں کرنا چاہیے۔ اس کے بجائے اسے ریاست کے اندر اصلاحات کے لیے دباؤ ڈالنا چاہیے، جبکہ ریاست کو بھی اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہیے اور مسئلہ کو حل کرنے کے لیے مذاکرات کرنے چاہئیں۔ اس کے بجائے کہ یہ تحریک ریاست کے خلاف ایک محاذ میں تبدیل ہو، اسے ریاست کے اندر اصلاحات کے لیے دباؤ ڈالنے کے لیے ایک مثبت قوت کے طور پر کام کرنا چاہیے۔ اس کے بجائے کہ یہ

آئیسکو ریجن میں یوجیہ ضروری سسٹم میٹینس 29 ستمبر 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کے جاب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق یوجیہ ضروری سالانہ سسٹم میٹینس 33 کے وولٹیج پر کس آلات ایم ٹی میٹر تھیب کے باعث گلزار ۔ I & II ، ۔ G - 11 / 4 ، ۔ F - 11 / 4 ، ۔ F - 17 ، ۔ I & II ، ۔ I & II ، ۔ I & II

پاک سعودی دفاعی معاہدے پر مبنی تھنک ٹینک رپورٹ جاری

گریٹر اسرائیل کے بڑھتے خطرے اور امریکی دفاعی ضمانتوں پر اعتماد کے نظرانے نے سعودی عرب کیساتھ معاہدے کی راہ ہموار کی ہے، مشاہد حسین

بھارت کا پاکستان کے خلاف جارحیت کے دوران اسرائیلی ڈرون پاکستان کے خلاف کارروائی میں مرکوز تھے، پاکستان نے 80 سے زائد ڈرون گرائے

اسلام آباد (این ایس این) مسلم لیگ (ن) کے رہنما مشاہد حسین سید نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے دفاعی معاہدے پر مبنی تھنک ٹینک رپورٹ جاری کردی، سینیٹر مشاہد حسین سید نے اپنے تھنک ٹینک پر مشتمل پاکستان چائنا انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام دفاعی معاہدے کی اہمیت اور مضمرات پر مشتمل رپورٹ جاری کی، رپورٹ کا اجراء کردیا۔ 31 صفحات پر مشتمل اس رپورٹ میں پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دفاعی معاہدے کی تاریخ، مضمرات اور جیو پولیٹکل تناظر کا احاطہ کرتی (بقیہ نمبر 2 ص 9)

استور میں نامعلوم افراد نے نایاب بھورے ریچھ کو ہلاک کردیا

استور (این این آئی) استور میں نامعلوم افراد نے نایاب بھورے ریچھ کو ہلاک کردیا، واقعہ منی مرگ میں پیش آیا۔ ڈسٹرکٹ فاریسٹ آفیسر (ڈی ایف او) محکمہ تحفظ جنگلی حیات استور سید شم شاہ نے رابطے پر بتایا کہ بھورے ریچھ کو مارنے کے واقعے کی تحقیقات کے لیے وقاقت سے استور کے لیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ استور جاکر (بقیہ نمبر 3 ص 31)

جعلی دستاویزات پر پاکستان آنے والے 5 افغان مسافر گرفتار

طورخم (این این آئی) ایف آئی اے ایمیگریشن عملے نے طورخم بارڈر پر کارروائی کرتے ہوئے جعلی دستاویزات پر پاکستان آنے والے 5 افغان مسافروں کو ڈی کوٹ کردیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق خاتون سمیت 3 مسافر اپنے تھنکٹوں کے پاسپورٹ پر پاکستان آئے تھے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ چوتھے مسافر کے پاسپورٹ پر چھل ایمیگریشن اسٹیمپ تھی، پانچویں مسافر کے پاس سفری دستاویزات نہیں تھے۔

کوئٹہ سے پشاور کیلئے جعفر ایکسپریس بحال کردی گئی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے جانے والی جعفر ایکسپریس کو 5 روز بعد بحال کردیا گیا۔ ریلوے ذرائع کے مطابق سبوتاژ کے قریب دھماکے کے نتیجے میں ہونے والے ریلوے ٹریک کی بحالی کے باعث جعفر ایکسپریس منگل کو، حکام کے مطابق متاثرہ ریلوے لائن اور پل کی مرمت کردی گئی۔ واضح رہے کہ دہشت گردوں نے 2 ستمبر کو سبوتاژ کے قریب ریلوے ٹریک کو دھماکے سے تباہ کردیا تھا۔

راولپنڈی: گرجا جاروب راج اینٹوں کے بھٹے پر بردہ دامنیں تیار کر رہے ہیں۔

اے ایس پی سید دانیال حسن کی زیرنگرانی منشیات فروشوں کارروائی

چار شراب فروش گرفتار، مقدمات درج کرکے ملزمان کو پابند سلاسل کردیا گیا

گوجرخان (قرشہزاد) اے ایس پی سید دانیال حسن کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک نذیر کھیہ اور اے ایس آئی نیم کا شراب فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ پولیس تھانہ گوجرخان نے چار مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے چار افراد کو گرفتار کرکے انکے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے ملزمان کو پابند سلاسل کردیا پولیس ذرائع کے مطابق بد (بقیہ نمبر 3 ص 9)

بانی جی ڈبلیو ایف یو کے خلیل ملک کے اعزاز میں تقریب

اجتماعی شادیوں کا سلسلہ شروع کرنے پر روشنی فاؤنڈیشن کو خراج تحسین پیش کردیا گیا

گوجرخان (قرشہزاد) پتھوہار قلعہ مارگی گوجر خان میں روشنی گلی گوجر خان کی طرف سے معروف سماجی ورکر اور فری میڈیا بیورو گوجرخان کے بانی کا شکریہ ادا کیا گیا اور اعزازی شیلڈ پیش کی گئیں۔ اس سلسلے میں روشنی گلی کا ایک اجلاس پتھوہار قلعہ مارگی میں منعقد ہوا۔ جس میں صدر روشنی فاؤنڈیشن ضیاء رشید قریشی نے بتایا کہ 4 نومبر کو انتالشہ (بقیہ نمبر 4 ص 9)

لاہور: جبیر میں پاکستان علماء کونسل و کوارڈی نیٹر نیشنل پیغام امن گلی حافظ محمد طاہر اشرفی علماء کرام کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

چوآ سیدن شاہ کی عوام کو الیکٹرک بسوں کی سہولت سے محروم نہ رکھا جائے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز فوری نوٹس لیں اگر برابری کی سہولت نہیں تو انصاف کہاں؟

چوآ سیدن شاہ (خادم شہزادے) پنجاب حکومت کی جانب سے پکوال شہر کے لیے الیکٹرک بس سروس کا اعلان عوام میں خوشی کی لہر دوڑا دیا ہے، مگر تحصیل چوآ سیدن شاہ و گوجر کھار کے عوام میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔ مقامی شہریوں نے واضح مؤقف اختیار کیا ہے کہ اگر ان دونوں تحصیلوں کو نظر انداز کیا گیا تو یہ نہ صرف عوامی حقوق کی پامالی (بقیہ نمبر 4 ص 9)

کندھ کوٹ، فصلوں کے منصفانہ نرخوں کیلئے احتجاجی ریلی

فصل چاولوں کے فوری طور پر منصفانہ اور بہتر نرخ مقرر کیے جائیں

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: زمیندار ایرایم خان کھوسو کی قیادت میں فصلوں کے منصفانہ نرخوں کے لیے احتجاجی ریلی کندھ کوٹ کے قریب رسالدار کے علاقے میں زمیندار کسانوں اور زمینداروں نے احتجاجی ریلی نکالی مظاہرین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ فصل چاولوں کے فوری طور پر (بقیہ نمبر 2 ص 9)

پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، دیگر فرار

مفرور ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) تھانہ اے ڈویژن کندھ کوٹ کی حدود میں مسن موڑ کے قریب پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ اطلاعات کے مطابق ڈاکو ڈکیتی کی نیت سے موجود تھے کہ اس دوران انچارج مددگار کندھ کوٹ خلیل لغاری اور ان کی ٹیم نے گشت کے دوران ڈاکوؤں کو للکارا، جس پر مقابلہ شروع ہوگیا فائرنگ کے (بقیہ نمبر 3 ص 9)

جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن پارٹی رہنما حافظ محمد اشرف گجر کے بھائی کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

فائرنگ کے واقعے میں میاں بیوی جاں بحق، ملزمان فرار

پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ تاحال درج نہیں کیا جاسکا ہے

کندھ کوٹ رپورٹ (علی مولا ذتج) تھانہ کندھ کوٹ کی پیکشن کی حدود میں امام بخش لاڑی کے مقام پر مبافی اور بگھوار برادری کے درمیان پرانے تنازع پر فائرنگ کا افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں کے نتیجے میں خاوند اور اس کی اہلیہ بیوائی موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ عینی شاہدین کے مطابق واقعہ دوپہر بعد دشمنی کا شاخسانہ تھا، جبکہ واقعے کے فوراً (بقیہ نمبر 4 ص 9)

اسلام آباد: مون سون امدادی امداد کے لیے دوبیلی طیارے آج ٹورخان میں پہنچ گئے، وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام اور چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام رفیق کے ان کا استقبال کیا۔

حکومت، انتظامیہ کی دست اندازی برداشت نہیں

اختیارات کا ناجائز استعمال، رہنمؤں وکلاء پر نہیں چلے گی، چیئرمین اشفاق کھوکھر

لاہور (سی این پی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چوہدری محمد اشفاق کھوکھر اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ذیشان اللہ نے کہا ہے کہ حکومت اور انتظامیہ کی دست اندازی برداشت نہیں، اختیارات کا ناجائز استعمال اور رہنمؤں وکلاء پر نہیں چلے گی، وکلاء کے خلاف دہشتگردی کی دفعات کے تحت ایف آئی آر کے اندراج پر انتہی عمل نہ کرنے کے لیے وکلاء سٹیشن جانے کے فیصلہ کیا گیا ہے، جس میں پاکستان بھر سے وکلاء شریک ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب بار کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس (بقیہ نمبر 4 ص 9)

گردوں کی غیر قانونی پیوندکاری میں ملوث گینگ کا کارندہ مردان سے گرفتار

گرفتار ملزم غیر قانونی پیوندکاری کیلئے پرائیویٹ اسپتالوں کا سہارا لیتا تھا، ایف آئی اے

مردان (سی این پی) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل پشاور نے تازہ کارروائی کرتے ہوئے گردوں کی غیر قانونی پیوندکاری میں ملوث گینگ کے کارندے کو مردان سے گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم کے خلاف کارروائی متاثرہ شہری کی شکایت پر کی گئی۔ گرفتار ملزم غیر قانونی پیوندکاری کیلئے پرائیویٹ اسپتالوں کا سہارا لیتا تھا۔ ابتدائی تحقیق کیمطابق کمرہ دھندے میں متعدد افراد اور سہولت کاروں (بقیہ نمبر 6 ص 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

بہارہ کہو میں خاتون مریضہ کی ہلاکت پر لواحقین کا ہسپتال پر الزام

احتجاج و ہنگامہ آرائی، عملے پر تشدد اور اسپتال میں لاکھوں کی املاک کی توڑ پھوڑ، پولیس کی مداخلت سے صورتحال قابو

غلط انجکشن کا الزام بے بنیاد ہے، خاتون دل کے شدید دورے سے جاں بحق ہوئیں، ہسپتال انتظامیہ

اسلام آباد (عبدالرحمان سے) بہارہ کہو کے نجی علاقے میں ہسپتال انتظامیہ نے الزام کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ مریضہ کو دل کا شدید دورہ پڑا تھا اور فوری طبی امداد کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکیں۔ تفصیلات کے مطابق مری کے نواحی علاقے سے تعلق رکھنے والی خاتون کو شام سات بجے کے قریب ہسپتال لایا گیا، تاہم کچھ ہی دیر بعد وہ انتقال کر گئیں۔ (بقیہ نمبر 4 ص 7)

خاتون کو غلط انجکشن لگایا گیا جس سے ان کی موت واقع ہوئی، جبکہ ہسپتال انتظامیہ نے الزام کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ مریضہ کو دل کا شدید دورہ پڑا تھا اور فوری طبی امداد کے باوجود وہ جانبر

یمن کے حوثیوں نے ایل پی جی ٹینکر اور 24 پاکستانیوں سمیت 27 رکنی عملے کو ہرا کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) یمن کے حوثیوں نے ایل پی جی ٹینکر اور اس کے عملے کو ہرا کر دیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات حسن نقوی نے ایکس پر بیان میں بتایا کہ حوثیوں کی جانب سے جہاز ہائی جیکر کے 27 رکنی عملے میں کیپٹن عثمان رسیب 24 پاکستانی، 2 سری لنکن اور ایک نیپالی شامل ہیں۔ وزیر اطلاعات حسن نقوی نے بتایا کہ جہاز اور پاکستانیوں سمیت عملے (بقیہ نمبر 8 ص 4)

راولپنڈی: شاہدالم روڈ پر ایک درجن کا کتوں کیلئے مختلف اقسام کی مچھلیاں سجائے گئے کتوں کی راہ دیکھ رہا ہے

پاکستان اور آئی ایم ایف کی کلائمٹ فنانسنگ پروگرام کے تحت مذاکرات جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان کلائمٹ فنانسنگ پروگرام کے تحت مذاکرات جاری ہیں جبکہ حکومتی ذرائع نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے پاکستان اقدامات کر رہا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ نے بتایا کہ آئی ایم ایف کی شریک پروگرام کا بجٹ بجٹ لے لیا طریقہ کار طے کیا (بقیہ نمبر 9 ص 4)

10 مستحق بے روزگار افراد کو سبزی و پھل کی ریڑھیاں فراہم

اس اقدام کا مقصد مستحقین کو باعزت روزگار کے قابل بنانا ہے، امداد اللہ بہار انی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ الڈیرت فاؤنڈیشن سندھ کی جانب سے 10 مستحق بے روزگار افراد کو سبزی و پھل کی ریڑھیاں فراہم تقریب گرلز اسکول میں منعقد، کندھ کوٹ الڈیرت فاؤنڈیشن سندھ کی جانب سے انسانی خدمت کے مشن کے تحت کندھ کوٹ کے گرلز اسکول میں ایک فلاحی تقریب منعقد کی گئی، جس میں 10 مستحق اور بے روزگار (بقیہ نمبر 5 ص 9)

امریکی قونصل خانے کی شکایت پر خاتون سمیت دو انسانی اسمگلر گرفتار

دو مفرور انسانی اسمگلر میں ایک خاتون بھی شامل ہیں، تحقیقات شروع کردی گئیں

کراچی (سی این پی) ایف آئی اے نے امریکی قونصل خانے کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے دو خاتون سمیت دو انسانی اسمگلر کو گرفتار کرلیا۔ وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) ایشٹی بیہن ٹرافکنگ سرکل کراچی نے امریکی قونصل خانے کی جانب سے موصول ہونے والی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے انسداد اسمگلنگ آف مائیگرنٹس ایکٹ 2018 (ترمیمی 2025) کی دفعات 3، 4 اور 6 کے تحت مقدمہ درج کرلیا۔ ذرائع (بقیہ نمبر 1 ص 5)

تھانہ آرائے بازار میں چوری کی درخواست دبانے کی کوشش

تفتیشی ایس آئی ابرار اختر غفلت کے مرتکب، سی سی ٹی وی فوٹیج اور اعتراف جرم کے باوجود ملزم آزاد

مدعی کو انصاف کے بجائے دھمکیاں، بشریٰ کی دادرسی نہ ہونے پر اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

راولپنڈی: مریضہ میں قائم جھگیوں میں رہائش پذیر خانہ بدوش کھلے آسمان تلے درختوں کے سائے تلے بیٹھے ہیں۔

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تھانہ آرائے بازار میں درج ہونے والی چوری کی درخواست پر تفتیشی افسر کی سنجیدہ غفلت اور جانبداری نے بشریٰ کو انصاف سے محروم کردیا۔ کمال آباد کے رہائشی محمد اللہ دلہ عبدالرزاق نے پولیس کو تحریری درخواست دی تھی کہ اس کے گھر سے نقدی اور اے ٹی ایم کارڈ چوری ہوا ہے جبکہ بعد ازاں ملزم شبیب ولد شریف کو موقع پر شناخت بھی کرلیا گیا اور سی سی ٹی وی فوٹیج بھی بطور ثبوت موجود ہے۔ ذرائع کے مطابق مدعی کی درخواست پر ابتدائی تفتیشی لگا کر سب انسپکٹر ابرار (بقیہ نمبر 2 ص 5)

حارث رؤف پر آئی سی سی کی جانب سے عائد جرمانہ ذاتی طور پر ادا کرنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی نے فاسٹ بولر حارث رؤف پر آئی سی سی کی جانب سے عائد جرمانہ ذاتی طور پر ادا کرنے کا اعلان کردیا۔ میڈیا رپورٹس میں ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چیئرمین پی سی بی حارث رؤف پر عائد جرمانہ ذاتی طور پر ادا کریں گے۔

ناران میں نکاح نامے کے بغیر داخلے پر پابندی کی خبر جھوٹی نکلی

ناران (سی این پی) چیئرمین کنٹونمنٹ کے سیاحتی مقام ناران میں نکاح نامے کے بغیر داخلے پر پابندی کی خبر جھوٹی نکلی۔ ڈی پی او ناسمعود کا کہنا ہے کہ ناران کے بغیر ناران میں داخلے پر پابندی کی خبر میں صداقت نہیں، سوشل میڈیا پر سیاحوں کو نکاح نامے ساتھ لانے کی وائرل فوٹو کسی اور ملک کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیک تصویر اور فلڈ ویڈیو میکنگ کی تحقیقات جاری ہیں، پولیس نتائج کی رپورٹ کی سیاحوں کو سیاحتی مقامات پر خوف کا سبب نہ بنائے۔ ڈی پی او نے بتایا کہ سیاحوں کی سہولت اور (بقیہ نمبر 5 ص 4)

بادامی باغ سبزی منڈی میں محنت کرنے والے خانہ بدوش خاندان کا ایک پسماندہ مزدوری سے حاصل ہونے والی آمدن گن رہا ہے

منشیات کیس کا فیصلہ ایڈیشنل سیشن جج نے مجرم کو قید و جرمانے کی سزا سنادی

مجرم سے 1280 گرام چرس سوئی جنیاں چوک سے برآمد ہوئی تھی جبکہ مقدمہ تھانہ گوجرخان میں 2022 میں درج کیا گیا تھا

کیس کی تفتیشی ایس آئی محمد عارف محمود کو سونپی گئی تھی جنہوں نے کیس کو میرٹ پر سبکدوش کرتے ہوئے مجرم کو چالان عدالت کیا

ڈی آئی جی اسلام آباد کا مختلف ناکہ جات کا دورہ

ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران کو مستعدی سے اپنے فرائض سرانجام دینے کی ہدایات جاری

اسلام آباد (سی این پی) ڈی آئی جی اسلام آباد سوہل شیمان چوک سے ایجارہ چوکی ایس آئی ذوالفقار کے 1280 گرام چرس برآمد کی تھی۔ جبکہ مقدمہ نمبر 1253/22 تھانہ گوجرخان میں درج ہوا اور تفتیشی انچارج این آئی یو ایس آئی عارف محمود کو سونپی گئی تھی۔ جبوں نے کیس کو میرٹ پر سبکدوش کرتے (بقیہ نمبر 5 ص 5)

اسلام آباد (سی این پی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمود جاوید طارق نے مختلف ناکہ جات کا دورہ کے دوران ریڈیو کنٹرول پر موجود پولیس افسران کو مستعدی سے اپنے فرائض سرانجام دینے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈی پی او کی ہدایت کی (بقیہ نمبر 6 ص 5)

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جاوید طارق نے مختلف ناکہ جات کا دورہ کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ ایسٹرن پولیس افسران بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے ناکہ جات پر تعینات پولیس افسران سے ملاقات کی اور انہیں اپنے فرائض مستعدی اور ایمانداری چوکس ہو کر سرانجام دینے کی ہدایت کی (بقیہ نمبر 6 ص 5)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp 0309-7900035
E-Commerce Website Price: 6000/-

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں پاکستان کا مدلل بیان بھارت کو کھلا گیا

یہ انتہائی شرمناک ہے بھارت انتا پست ہوجائے کہ اقوام متحدہ کے رکن ملک کے نام کو بگاڑنے کی کوشش کرے، محمد راشد

بھارتی مندوب کو پریشانی کی حالت میں فون سنتے دیکھا گیا اور پھر بوکھلاہٹ کے عالم میں وہاں چھوڑنے پر مجبور ہوگئے، رپورٹ

نیویارک (سی این پی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں پاکستان کے مدلل بیان پر بھارت بوکھلا گیا، فائنگ عرف انوار افغانستان کے علاقے مزار شریف میں مارا گیا، سیکرٹری ڈرائج کے مطابق ہلاک کمانڈر احسانی 2022 کے پشاور کوچہ رسالدار دھماکے کا مرکزی سہولت کار تھا، پشاور (سی این پی) داعش خراسان کا کمانڈر محمد احسانی عرف انوار افغانستان کے علاقے مزار شریف میں مارا گیا، سیکرٹری ڈرائج کے مطابق ہلاک کمانڈر احسانی 2022 کے پشاور کوچہ رسالدار دھماکے کا مرکزی سہولت کار تھا، احسانی خوش بماروں کو پاکستان لانے اور تربیت دینے کا ذمہ دار تھا۔ پشاور کے کوچہ رسالدار دھماکے میں 67 افراد شہید ہوئے تھے۔ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

پشاور دھماکے کا مرکزی سہولت کار افغانستان میں مارا گیا

ہلاک کمانڈر احسانی 2022 کے پشاور کوچہ رسالدار دھماکے کا مرکزی سہولت کار تھا

پشاور (سی این پی) داعش خراسان کا کمانڈر محمد احسانی عرف انوار افغانستان کے علاقے مزار شریف میں مارا گیا، سیکرٹری ڈرائج کے مطابق ہلاک کمانڈر احسانی 2022 کے پشاور کوچہ رسالدار دھماکے کا مرکزی سہولت کار تھا، احسانی خوش بماروں کو پاکستان لانے اور تربیت دینے کا ذمہ دار تھا۔ پشاور کے کوچہ رسالدار دھماکے میں 67 افراد شہید ہوئے تھے۔

وزیر مملکت بلال بن ثاقب کی امریکی صدر کے کرپٹو مشیر سے ملاقات

بلاک چین اور ڈیجیٹل اثاثوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی این پی) وزیر مملکت نے کہا کہ کرپٹو اور ڈیجیٹل اثاثوں میں پاکستان کی غیر قانونی کاروائیوں کے ساتھ ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے کرپٹو مشیر کرک ووٹ سے ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق اس ملاقات کے دوران ممالک کے مابین بلاک چین اور ڈیجیٹل اثاثوں میں قانون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر مملکت نے کہا کہ کرپٹو اور بلاک چین ٹاقت کی طاقت کے ساتھ ہے۔ امریکا اور پاکستان، بلاک چین اور ڈیجیٹل اثاثوں میں تعاون کے ذریعے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی راہ پر گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی (بقیہ نمبر 6 ص 6)

نوری میں پہلی لیڈیو تھیراپی سے آگاہی کی تقریب کا انعقاد

نوری میں نیورل ٹریکنگ کیلئے جدید ترین 4 ڈی سیمیولیشن اور پاکستان کی واحد امیج آرمیٹرا امیج گائیڈ ریڈیا تھیراپی کی سہولت موجود ہے، ڈاکٹر تمیرا

ریڈیو تھراپی کینسر کے علاج کی سب سے اہم نان سرجیکل طریقہ علاج ہے، چیف آنکولوجسٹ ڈاکٹر تمیرا محمود نے شرکا کو خوش آمدید کہا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے زیر انتظام وفاقی دارالحکومت میں قائم کینسر ہسپتال نیوکلیئر میڈیسن، آنکولوجی اور ریڈیو تھراپی انسٹیٹیوٹ (نوری) میں پاکستان کے 20 اٹامک انرجی کینسر ہسپتالوں نصوصا نوری کو کینسر کے مریضوں کی خدمت میں کلیدی کردار پر خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے نوری کو آئی اے ای اے (بقیہ نمبر 8 ص 9)

لاہور: قانون کے محافظ ڈھیں ایکا رجسٹرڈ موٹر سائیکل کے چوری کی رپورٹ درج نہ ہونے پر جارہے ہیں۔

رکشا اور موٹر سائیکل میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، چار زخمی

مناچوالی (این این آئی) تھانہ مناچوالی رکشہ اور موٹر سائیکل میں تصادم ایک شخص جاں بحق 4 افراد شدید زخمی ہوگئے۔ واقعات کے مطابق کیا ص کی چنالی کیلئے آنے والی لیہ کا خاندان جنتی رکشہ پر سوار ہو کر جا رہا تھا کہ مخالف سمت سے آنے والے موٹر سائیکل سے تصادم ہوگیا جس کے نتیجہ میں مزدور خاندان کا ایک نوجوان جاں بحق ہوگیا جبکہ عورتیں اور بچے شدید زخمی ہوگئے، مزدور خاندان لیہ کا رہائشی تھا، زخمیوں کو رول ایمبلینس سنٹر میں منتقل کردیا گیا ہے۔